
Presented by: https://jafrilibrary.com/

# زیارت اربعین

زیارت اربعین آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

زیارت اربعین
Download App



پیشکش: المجتبیٰ فائونڈیشن

Presented by: https://jafrilibrary.com/

بسم الله الرحمن الرحیم

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# زیارت اربعین

زیارت اربعین آسان اردو ترجمہ کے ساتھ

زیارت اربعین

Arbaeen APP
Download

المجتبیٰ فائونڈیشن

www.almujtaba14.com

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# زیارت اربعین

زیارت اربعین آسان اردو ترجمہ کے ساتھ


کمپوز

**محمد علی جواد**

گرافکس

**زوار رضا حسین الحسینی**

علمی نظارت اور مشاورت

**ڈاکٹر غلام قاسم تسنیمی**



پیشکش

**المجتبیٰ فاؤنڈیشن**

Presented by: https://jafrilibrary.com/



بسمه تعالی

## مقدمه

سرزمین کربلا پر امام حسین علیہ السلام نے اپنی لازوال اور بے مثال قربانی سے نام خدا اور یاد مصطفیٰ ﷺ کو ایسی جاودانگی عطا کی کہ قیامت تک نہ کوئی ذکر خدا کو مٹا سکتا ہے اور نہ یاد مصطفیٰ ﷺ کو محو کرسکتا ہے۔ نتیجے میں خالق کائنات نے مولا حسینؑ کو ایسے بے نظیر ایثار اورتاریخی قربانی کے عوض مومنین اور حریت پسند اور آزاد فطرت لوگوں کی دلوں کی دھڑکن بنا دیا۔ امامت کو ان کی نسل میں رکھ دیا؛ ان کی تربت کو خاک شفا بنا دیا اور ان کے گنبد کو مستجاب الدعوۃ مکان قرار دیا، جہاں کسی کی دعا رد نہیں ہوتی۔

اربعین اور چلم بھی انہی نعمتوں میں سے ایک ہے، جو خالق کائنات نے امام حسین علیہ السلام ہی کو عطا فرمائی ہیں؛ انبیاء اور بقیہ آئمہ علیہم السلام کا اربعین نہیں منایا جاتا۔ فقط امام حسین علیہ السلام کا ہی اربعین منایا جاتا ہے، جس کیلئے مخصوص زیارت نامے بھی منقول ہیں۔ روایات میں امام حسین علیہ السلام کی زیارت اربعین کو اہل ایمان کی ایک اہم نشانی کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

امام حسن عسکری علیہ السلام کا فرمان ہے کہ مومن کی پانچ علامات ہیں: (1) ہر شب و روز میں اکاون رکعت نماز پڑھنا (اس سے مراد سترہ رکعت فریضہ اور چونتیس رکعت نافلہ ہے)۔ (2) زیارت اربعین کا پڑھنا۔ (3) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔ (4) سجدہ کرتے وقت اپنی پیشانی خاک پر رکھنا - (5) نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بلند آواز سے پڑھنا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



حق تو یہ ہے کہ زیارت اربعین کربلا جا کر حرم امام حسینؑ میں تلاوت کی جائے؛ لیکن اگر گردش دوران اور زمانے کے حالات وہاں حاضری دینے کی اجازت نہ دیں اور انسان اس سعادت کو نہ پاسکے؛ تو بھی خالق کائنات اپنے فضل و کرم سے اہل ایمان کو اس ثواب سے محروم نہیں کرتا۔

حسین بن ثوری کا کہنا ہے کہ میں اور یونس بن ظبیان ، امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں تھے۔ اس نے مولا کی خدمت میں عرض کی کہ میں امام حسین علیہ السلام کو بہت زیادہ یاد کرتا ہوں؛ جب بھی یاد آئے تو کیا کہوں؟ فرمایا: ایسے کہا کرو؛ صَلَّى اللهُ عَلَيْكَ يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ، یہ سلام تین بار پڑھو۔ کیونکہ یہ سلام ان کی بارگاہ میں پہنچتے ہیں۔ چاہے دور سے ہوں یا نزدیک سے۔ (وسائل الشیعہ/ج14/ص493) شیخ طوسی علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں کہ اسی دن جناب جابر بن عبد اللہ انصاری کربلا پہنچے وہ پہلے زائر ہیں، جس نے اس دن کو امام حسین علیہ السلام کی زیارت کی۔ (مصباح المتہجد، ص 787)

انہی تاکیدات اور فرمودات کی روشنی میں دنیا بھر کے مومنین چہلم پر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کا خصوصی اہتما کرتے ہیں، ہر کوئی کوشش کرتا ہے کہ اربعین کربلا میں کرے۔ جس کے نتیجے میں اربعین کا اجتماع دنیا کا تاریخی اور عظیم الشان اجتماع بن چکا ہے۔ نہ جانے والے مومنین اپنے علاقوں میں ہی عزاداری کے جلوس میں شرکت کرتے ہیں اور زیارت اربعین کی تلاوت کرتے ہیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com/



## سند زیارت اربعین

یہاں ہم اس زیارت کو ترجمہ کے ساتھ نقل کر رہے ہیں جو شیخ طوسی نے اپنی دو کتابوں تہذیب الاحکام اور مصباح المتہجد میں صفوان جمّال سے روایت کی ہے۔ صفوان جمال کہتے ہیں: میرے مولا امام صادق علیہ السلام نے زیارت اربعین کے بارے میں مجھ سے فرمایا: "جب دن کافی چڑھ جائے تو یہ زیارت پڑھو:

Download

Ziyarat Arbaeen APP

with Voice

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## پہلا بند: امام حسینؑ پر درود اور سلام

اَلسَّلَامُ عَلٰی وَلِیِّ اللّٰہِ وَحَبِیبِہِ

سلام اللہ کے ولی اور اس کے حبیب پر

اَلسَّلَامُ عَلٰی خَلِیلِ اللّٰہِ وَنَجِیبِہِ

سلام ہو خلیل خدا اور اس کے برگزیدہ پر

اَلسَّلَامُ عَلٰی صَفِیِّ اللّٰہِ وَابنِ صَفِیِّہِ

سلام ہو خدا کے خالص بندے اور اس کے خالص بندے کے فرزند پر

اَلسَّلَامُ عَلَی الحُسَینِ المَظلُومِ الشَّہِیدِ

سلام ہو حسین مظلوم اور حسین شہید پر

اَلسَّلَامُ عَلٰی اَسِیرِالکُرُبَاتِ

سلام ہو اس آقا اسیر مصائب پر

وَقَتِیلِ العَبَرَاتِ

اور کشتہ گریہ پر

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## دوسرا بند: عظمت امام حسینؑ کی گواہی

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَشْھَدُ

خدایا میں گواہی دیتا ہوں

اَنَّہٗ وَلِیُّكَ وَ ابنُ وَلِیِّكَ

کہ وہ تیرے دوست اور تیرے ولی کے فرزند

وَصَفِیُّكَ وَابنُ صَفِیِّكَ

اور تیرے برگزیدہ اور فرزند برگزیدہ ہیں

اَلفَائِزُ بِكَرَامَتِكَ

تیری کرامت پر فائز ہیں

اَكرَمتَہٗ بِالشَّھَادَۃِ

تونے ان کو مکرم کیا ہے شہادت کے ذریعہ

وَحَبَوتَہٗ بِالسَّعَادَۃِ

اور ان کو سعادت سے مخصوص کیا ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## عظمت امام حسینؑ کی گواہی

وَاجتَبَیتَهُ بِطِیبِ الوِلَادَةِ

اور ان کو منتخب کیا ہے پاکیزگی ولادت کے ساتھ

وَجَعَلتَهُ سَیِّدًا مِنَ السَّادَةِ

اور ان کو سردار بنایا ہے سرداروں میں سے

وَ قَائِدًا مِنَ القَادَةِ

اور قائد بنایا ہے قائدوں میں سے

وَ ذَائِدًا مِنَ الذَّادَةِ

اور اسلام سے دفاع کرنے والوں میں سے ایک بڑا دفاع کرنے والا بنایا ہے

وَاَعطَیتَهُ مَوَارِیثَ الاَنبِیَاءِ

اور تو نے ان کو انبیاء کی میراث عطا کی ہے

وَجَعَلتَهُ حُجَّةً عَلیٰ خَلقِكَ مِنَ الاَوصِیَاءِ

اور ان کو اپنی مخلوق پر حجت قرار دیا ہے اوصیاء میں سے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## تیسرا بند: قیام امام حسینؑ کے اہداف

فَاَعذَرَ فِي الدُّعاءِ

تو انہوں نے بھی اتمام حجت سے
تمام عذر کو دور کردیا

وَمَنَحَ النُّصحَ

اور امت کی نصیحت کو انجام دیا

وَ بَذَلَ مُهجَتَهُ فيكَ

اور تیری راہ میں اپنا خون بہایا

لِيَستَنقِذَ عِبادَكَ مِنَ الجَهالَةِ

تاکہ تیرے بندوں کو جہالت اور گمراہی کی حیرانی سے نکال لیں

وَحَيرَةِ الضَّلالَةِ

جبکہ ان کے اوپر ظلم کیا ان لوگوں نے جن کو دنیا نے مغرور کیا

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## چوتھا بند: دشمنان امام حسینؑ کے احوال

وَ قَدْ تَوازَرَ عَلَیهِ

جبکہ ان کے اوپر ظلم کیا

مَنْ غَرَّتْهُ الدُّنیا

ان لوگوں نے جن کو دنیا نے مغرور کیا

وَباعَ حَظَّهُ بِالْاَرْذَلِ الْاَدْنیٰ

اور جنھوں نے اپنے آخرت کے حصہ کو پست و ذلیل دنیا کے بدلہ میں بیچ دیا

وَشَریٰ آخِرَتَهُ بِالثَّمَنِ الْاَوْكَسِ

اور اپنی آخرت کو بیچ دیا پست قیمت میں

وَ تَغَطْرَسَ وَتَرَدّیٰ فی هَواهُ

اور ظلم و جور کیا او خواہش نفس میں ہلاک ہوگئے

وَ اَسْخَطَكَ وَ اَسْخَطَ نَبِیَّكَ

اور تجھ کو اور تیرے نبی کو غضب ناک کیا

وَاَطاعَ مِنْ عِبادِكَ اَهْلَ الشِّقاقِ وَالنِّفاقِ

اور تیرے بندوں میں شقاوت اور نفاق والوں کی اطاعت کی

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## دشمنان امام حسینؑ کے احوال

وَحَمَلَةَ الْاَوْزَارِ

اور گناہ کے سنگین بار کے اٹھانے والوں کی اطاعت کی

اَلْمُسْتَوْجِبِيْنَ النَّارَ

جو مستحق جہنم ہو چکے ہیں

فَجَاهَدَهُمْ فِيْكَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا

تو انہوں نے ان ظالموں سے تیری راہ میں جہاد کیا

حَتّٰى سُفِكَ فِيْ طَاعَتِكَ دَمُهُ

صبر اور اخلاص کے ساتھ یہاں تک کہ تیری اطاعت میں ان کا خون بہایا گیا

وَاسْتُبِيْحَ حَرِيْمُهُ

اور ان کی ہتک حرمت کو مباح سمجھا گیا

اَللّٰهُمَّ فَالْعَنْهُمْ لَعْنًا وَبِيْلًا

خدایا ان ظالم لوگوں پر شدید لعنت کر

وَعَذِّبْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا

اور ان کو دردناک عذا میں مبتلا کردے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## پانچواں بند: امام حسینؑ کے ساتھ تجدید بیعت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر یابن رسول اللہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ سَيِّدِ الْاَوْصِيَاءِ

سلام ہو آپ پر اے دلبند سید اوصیا

اَشْهَدُ اَنَّكَ اَمِينُ اللّٰهِ وَابْنُ اَمِينِهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے امین اور اس کے امین کے فرزند ہیں

عِشْتَ سَعِيدًا

آپ نے تمام عمر سعادت کے ساتھ گذاری

وَمَضَيْتَ حَمِيدًا

اور قابل تعریف انداز سے گزر گئے

وَمُتَّ فَقِيدًا مَظْلُومًا شَهِيدًا

اور دنیا سے رحلت کی بے مثل مظلوم اور شہید حالت میں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## امام حسینؑ کے ساتھ تجدید بیعت

وَاَشهَدُ اَنَّ اللّٰهَ مُنجِزٌما وَعَدَكَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا پورا کرنے والا ہے اس کا کہ جو آپ سے وعدہ کیا ہے

وَمُهلِكٌ مَن خَذَلَكَ

اور ہلاک کرنے والا ہے اسے جس نے آپ نے کو چھوڑ دیا

وَمُعَذِّبٌ مَن قَتَلَكَ

اور عذاب دینے والا ہے اسے جس نے آپ کو قتل کیا

وَاَشهَدُ اَنَّكَ وَفَيتَ بِعَهدِ اللّٰهِ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اللہ کے عہد و پیان کو پورا کردیا

وَجاهَدتَ فی سَبیلِهٖ

اور اس کی راہ میں جہاد کیا

حَتّیٰ اَتاكَ اليَقينُ

یہاں تک کہ آپ شہید ہوگئے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## امام حسینؑ کے ساتھ تجدید بیعت

فَلَعَنَ اللّٰهُ مَن قَتَلَكَ

تو خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپ کو قتل کیا

وَلَعَنَ اللّٰهُ مَن ظَلَمَكَ

اور خدا لعنت کرے اس پر جس نے آپ پر ظلم کیا

وَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَت بِذٰلِكَ

اور خدا کی لعنت ہو اس امت پر جس نے یہ سب سنا

فَرَضِيَت بِهِ

اور اس پر راضی رہی

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اُشهِدُكَ

خدایا میں تجھ کو گواہ بناتا ہوں

اَنِّی وَلِیٌّ لِمَن والاهُ

کہ میں اس کا دوستدار ہوں جس سے ان کی دوستی ہے

وَعَدُوٌّ لِمَن عاداهُ

اور ان کے دشمنوں کا دشمن ہوں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## چھٹا بند: امام حسینؑ کی خاندانی نجابت

بِاَبِی اَنتَ وَاُمِّی یَابنَ رَسولِ اللّٰہِ

میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں یابن رسول اللہ

اَشھَدُ اَنَّکَ کُنتَ نوراً

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نور تھے

فِی الاَصلابِ الشّامِخَۃِ

بلند ترین صلبوں میں

وَالاَرحامِ المُطَھَّرَۃِ

اور پاکیزہ ماؤں کے رحموں میں

لَم تُنَجِّسکَ الجاھِلِیَّۃُ بِاَنجاسِھا

آپ تک جاہلیت کی گندگیاں نہیں پہنچی

وَلَم تُلبِسکَ المُدلَھِمّاتُ مِن ثِیابِھا

اور جاہلیت کی تاریک ظلماتی لباس آپ کے جسم پر نہیں آئے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## امام حسینؑ کی خاندانی نجابت

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ دَعَائِمِ الدِّينِ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ستون دین

وَاَرْكَانِ الْمُسْلِمِينَ

اور اساس آئین مسلمان

وَمَعْقِلِ الْمُؤْمِنِينَ

اور مومنین کو پناہ دینے والے ہیں

وَاَشْهَدُ اَنَّكَ الْاِمَامُ الْبَرُّ التَّقِيُّ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ امام، نیک ، متقی

اَلرَّضِيُّ الزَّكِيُّ

پسندیدہ خدا، پاکیزہ

اَلْهَادِي الْمَهْدِيُّ

ہادی اور مہدی ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# امام حسینؑ کی خاندانی نجابت

وَاَشْهَدُ اَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُلْدِكَ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کی اولاد میں ائمہ

كَلِمَةُ التَّقْوىٰ

روح تقویٰ ہیں

وَاَعْلامُ الْهُدىٰ

اور ہدایت کی نشانیاں ہیں

وَالْعُرْوَةُ الْوُثْقىٰ

اور مستحکم رشتہ ایمان

وَالْحُجَّةُ عَلىٰ اَهْلِ الدُّنْيا

اور دنیا پر حجت ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com/

## حقیقی مومن کا عقیدہ

وَاَشهَدُ اَنّیِ بِکُم مُؤمِنٌ

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں آپ پر ایمان رکھنے والا

وَبِاِیابِکُم مُوقِنٌ

اور آپ کی رجعت کا یقین رکھنے کرنے والا ہوں

بِشَرایِعِ دینی وَخَواتیمِ عَمَلی

اپنی دین کی شریعتوں اور
عمل کے خاتمہ کے ساتھ

وَقَلبی لِقَلبِکُم سِلمٌ

اور میرا دل آپ کے سامنے سراپا تسلیم ہے

وَاَمری لِاَمرِکُم مُتَّبِعٌ

اور میرا امر آپ کے امر کا تابع ہے

وَنُصرَتی لَکُم مُعَدَّةٌ

اور میری مدد آپ کے لئے مہیا ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# حقیقی مومن کا عقیدہ

حَتّیٰ یَأذَنَ اللّٰہُ لَکُم

یہاں تک کہ خدا آپ کو اجازت دے

فَمَعَکُم مَعَکُم لاٰ مَعَ عَدُوِّکُم

تو ہم آپ کے ساتھ ہیں آپ کے دشمنوں کے ساتھ نہیں

صَلَواتُ اللّٰہِ عَلَیکُم

اللہ کا درود و سلام ہو آپ لوگوں پر

وَعَلیٰ اَرواحِکُم وَاَجسادِکُم

آپ کی روحوں پر اور آپ کے جسموں پر

وَشاھِدِکُم وَغائِبِکُم

آپ کے ظاہر پر، آپ کے غائب پر

وَظاھِرِکُم وَباطِنِکُم

اور آپ کے ظاہر اور آپ کے باطن پر

آمینَ رَبَّ العالَمینَ

اے عالمین کے رب اس دعا کو قبول کرلے

**اس کے بعد دو رکعت نماز پڑہیں اور جو دعا مانگنی ہے مانگیں**

Presented by: https://jafrilibrary.com/

# زیارت اربعین

زیارت اربعین آسان اردو ترجمہ کے ساتھ



پیشکش: المجتبیٰ فاؤنڈیشن